سوال

ہم نے اجتہاد سے غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھ لی

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب ہم امریکہ میں گئے تو قطب نما کی مدد سے قبلہ کا تعین کر کے نماز پڑھتے رہے اور جب بعض مسلمان بھائیوں سے تعارف ہوا تو انہوں نے بتایا کہ ہم نے غیر قبلہ کی طرف نمازیں پڑھی ہیں اور انہوں نے صحیح سمت قبلہ کی طرف ہماری رہنمائی کی۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا ہو نمازیں جو ہم نے غیر قبلہ رخ پڑھی ہیں، وہ صحیح ہیں یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب صحرا یا ایسے علاقوں میں ہونے کی وجہ سے جہاں قبلہ مشتبہ ہو، مومن قبلہ کی سمت معلوم کرنے کے لئے اجتہاد کرے اور اپنے اجتہاد کے مطابق نماز پڑھ لے اور پھر بعد میں معلوم ہو کہ اس نے غیر قبلہ رخ نماز پڑھی ہے تو پھر وہ اپنے آخری اجتہاد کے مطابق عمل کرے بشرطیکہ اس کا یہ آخری اجتہاد پہلے اجتہاد کی نسبت زیادہ صحیح ہے۔ پہلے پڑھی ہوئی نماز صحیح ہوگی کیونکہ یہ اس نے اجتہاد اور حق کی تلاش کے لئے کوشش کر کے پڑھی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی ثابت ہے جو اس کی صحت پر دلالت کناں ہے اور وہ یہ کہ جب قبلہ بیت المقدس کے بجائے کعبہ مشرفہ کی طرف بدل دیا گیا

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص357

محدث فتویٰ